ادھار خرید و فروخت

اور

اس کی جدید صورتیں

مقالہ نگار: رفاقت اللہ شریک تخصص سال دوم
مشرف: مفتی رضوان اللہ منیب فاضل جامعۃ الرشید کراچی

جامعۃ الشیخ زکریا پشاور

فہرست

عنوان

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم
بسم اللہ الرحمن الرحیم
یا یھا الذین آمنوا اذا تداینتم بدین الی اجل مسمی فاکتبوہ
(سورۃ البقرۃ آیت282)
"وقد اخرج البخاری عن عائشۃ رضی اللہ عنھا قالت : اشتری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طعاما من یھودي بنسیئۃ ورھنہ درعا لہ من حدید."
(صحیح البخاری، کتاب السلم)

ویسے تو معیشت ایک وسیع مفہوم کی ترجمانی کر رہا ہے، لیکن ہم ابتداء میں اس کے ایک ذیلی جزء بیع (خرید وفروخت) کو موضوع بحث بنالیتے ہیں اور آگے چل کر بیع کی ایک خاص قسم "بیع مؤجل" یعنی ادھار خرید وفروخت (Credit Sale) کی پوری تفصیل سے وضاحت کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ زندگی کے دوسرے شعبوں کی طرح اسلام نے معیشت، لین دین اور خرید وفروخت کے بارے میں بھی کچھ احکام دیے ہیں، اس لیے کہ اسلام صرف معاشی نظام نہیں ہے، بلکہ یہ ایک دین ہے جس کے احکام زندگی کے ہر شعبے سے متعلق ہیں، جن میں معیشت، لین دین اور کاروبار وغیرہ بھی داخل ہیں ۔

بیع (Sale) کی تعریف:

بیع کے معنی بیچنے کے ہیں، بیچنے والے کو "بائع" (Seller) کہا جاتا ہے اور جو چیز بیچی جانے والی ہو اس کو "مبیع" (Outsold) کہا جاتا ہے، جبکہ شراء کے معنی خریدنے (Purchase) کے ہیں اور خریدنے والے کو "مشتری"(Buyer) کہا جاتا ہے، نیز کبھی یہ دونوں الفاظ ایک دوسرے کی جگہ (Interchangeably) بھی استعمال ہوتے ہیں۔

مذکورہ بالا معانی بیع وشراء کے لغوی معانی ہیں فقہ کی اصطلاح میں بیع کے معنی کچھ یوں ہیں:

"تجارت کی نیت اور غرض سے ایک قابل قیمت (Valuable) چیز کا دوسری قابل قیمت چیز کے ساتھ جانبین کی مکمل مرضی (Mutual consent) کے ساتھ تبادلہ کرنا۔"

اس تعریف میں " قابل قیمت چیز " سے مراد ہر ایسی چیز ہے جس میں دو صفات پائی جائیں:

(1) شرعا متقوم ہو، اس کا استعمال ممنوع (Prohibited) اور باعث گناہ نہ ہو۔ دوسرا یہ کہ عرفا متقوم ہو، یعنی لوگوں کے ہاں اس کی قیمت (Commercial value) ہو، اتنی معمولی چیز نہ ہو جس کو لوگوں (یعنی جہاں خرید وفروخت ہو رہی ہو اس علاقے کے لوگوں) کے ہاں قابل قیمت نہ سمجھا جاتا ہو۔

علامہ تمرتاشیؒ تنویر الابصار میں فرماتے ہیں :

"مبادلۃ شیئ مرغوب فیہ بمثلہ علی وجہ مخصوص"


کسی مرغوب چیز کا اس کے مثل مرغوب چیز کے بدلے مبادلہ کرانا۔

یہ تعریف بیع صحیح کی ہے۔ بیع باطل ، بیع کی اس اصطلاحی تعریف سے خارج ہے۔ اس پر بیع کا اطلاق لغوی معنٰی کے اعتبار سے ہوتا ہے اور بیع فاسد پر اصطلاحی بیع کا اطلاق ہوتا ہے، کیونکہ شریعت نے اس کے لیے بیع کے بعض احکام ثابت کیے ہیں۔ ملک العلماء علامہ کاسانیؒ نے بدائع الصنائع میں بیع کی تعریف یوں کی ہے :

"مبادلة شيئ مرغوب بشيئ مرغوب" (21)

بیع کی تعریف کے بعد آتے ہیں بیع کی چند اقسام کی طرف:

بیع کی اقسام:



مبیع (Outsold) کے اعتبار سے بیع کی چار اقسام ہیں:

پہلی قسم:

سامان کے بدلے سامان کی بیع ہوگی تو اس کو بیع مقایضہ (Sell swap) کہا جاتا ہے۔

دوسری قسم:

1

(1) بدائع الصنائع ج 4 ص 318

ثمن کے بدلے سامان کی بیع ہوگی تو اس کو بیع مطلق (Absolute sale) کہا جاتا ہے، یاد رہے کہ ثمن عام ہے، چاہے ثمن مطلق کے بدلے ہو جیسا کہ سونا اور چاندی، اسی طرح فلوس نافقہ (کرنسی نوٹ) کے بدلے ہو اور یا مکیلی، موزونی یا عددی متقارب جو کہ ذمہ پر واجب ہو اس کے بدلے ہو، ان کو بھی بیع مطلق کہا جاتا ہے۔

تیسری قسم:

دین کی بیع سامان کے عوض ہو تو اس کو بیع سلم (Deferred sale) کہا جاتا ہے۔

چوتھی قسم:

اگر نقود اور اثمان کی بیع ان کی ہم مثل کے عوض ہو تو اس کو بیع صرف (Exchange sale) کہا جاتا ہے۔ یاد رہے کہ بیع مؤجل یعنی ادھار خرید فروخت (Credit sale) بھی بیع مطلق کی ضمن میں آتی ہے۔

ادھار خرید فروخت کی تعریف:

جس طرح نقد ادائیگی کے ساتھ خرید وفروخت کرنا جائز ہے جو کہ بیع میں اصل ہے، اسی طرح ادھار کے ساتھ بھی جائز ہے، مثلا مشتری بائع سے کہہ دے کہ یہ چیز میں آپ سے خریدتا ہوں اور سال کے آخر میں مطلوبہ رقم ادا کروں گا، جبکہ بیع حالی میں فی الفور ادائیگی کرنی ہوتی ہے۔ لہٰذا بیع حالی میں بائع فی الفور ادائیگی کا مطالبہ کرسکتا ہے جبکہ بیع مؤجل میں مقررہ مدت سے پہلے بائع ثمن کا مطالبہ نہیں کرسکتا اور یہ مشتری کا حق ہوتا ہے اسی طرح ادھار خرید فروخت کی ایک اور صورت یہ بھی ہے کہ ہر مہینہ اتنی رقم ادا کروں گا، اس کو بیع بالتقسیط کہا جاتا ہے، اس کی تفصیل بعد میں آئے گی ان شاء اللہ۔ واضح رہے کہ بیع حالی کی ایک صورت بیع الغائب بالناجز ہے، کہ مثلا مشتری گھڑی خریدتا ہے مگر اتفاق سے وہ پیسے گھر میں بھول آتا ہے یا اس سے چوری یا گم ہو جاتے ہیں تو اس صورت میں یہ بیع حالی ہوگی اور بائع فی الفور رقم کی ادائیگی کا مطالبہ کرسکتا ہے مگر مشتری کو کہتا ہے کہ خیر کوئی بات نہیں بعد میں ادائیگی کردینا، تو اس سے یہ بیع مؤجل نہیں ہوجاتی بلکہ بیع حالی ہی رہتی ہے۔ ادھار خرید فروخت کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ اس کو باقاعدہ طور پر لکھا جائے، اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ بعد میں کسی کو انکار کی گنجائش نہ ہوگی اور دونوں کے درمیان جھگڑا نہیں آئے گا، جیسا کہ یہ حکم قرآن پاک کے آیت سے بھی معلوم ہوتا ہے:

يأأيها الذين ءامنوا إذا تداينتم بدين إلى أجل مسمى فاكتبوه وليكتب بينكم كاتب بالعدل..... (سورة البقرة آیت 282)

البيع: مبادلة مال بمال ويكون منعقدا وغير منعقد. البيع المنعقد هو البيع الذي ينعقد على الوجه المذكور وينقسم إلى صحيح ، وفاسد ،ونافذ، وموقوف. البيع غير المنعقد هو البيع الباطل.البيع الصحيح هو البيع الجائز

وهو البيع المشروع أصلا ووصفا. البيع الفاسد هو المشروع أصلا لا وصفا يعني أنه يكون صحيحا باعتبار ذاته فاسدا باعتبار بعض أوصافه الخارجة .البيع الباطل ما لا يصح أصلا يعني أنه لا يكون مشروعا أصلا. البيع الموقوف بيع يتعلق به حق الغير كبيع الفضولي. الفضولي: هو من يتصرف بحق الغير بدون إذن شرعي .البيع النافذ بيع لا يتعلق به حق الغير وهو ينقسم إلى لازم وغير لازمالبيع اللازم هو البيع النافذ العاري عن الخيارات (البيع غير اللازم هو البيع النافذ الذي فيه أحد الخيارات) (البيع باعتبار المبيع ينقسم إلى أربعة أقسام: القسم الأول: بيع المال بالثمن وبما أن هذا القسم أشهر البيوع يسمى بالبيع. القسم الثاني: هو الصرف. والقسم الثالث: بيع المقايضة. والقسم الرابع: السلم) . (الصرف بيع النقد بالنقد) (بيع المقايضة بيع العين بالعين أي مبادلة مال بمال غير النقدين) (بيع السلم مؤجل بمعجل) النقود جمع نقد وهو عبارة عن الذهب والفضة. العددي والمعدود هو ما يعد۔المبيع: ما يباع وهو العين التي تتعين في البيع وهو المقصود الأصلي من البيع ; لأن الانتفاع إنما يكون بالأعيان ، والأثمان وسيلة للمبادلة۔الثمن ما يكون بدلا للمبيع ويتعلق بالذمة. الثمن المسمى هو الثمن الذي يسميه ويعينه العاقدان وقت البيع بالتراضي سواء كان مطابقا للقيمة الحقيقية أو ناقصا عنها أو زائدا عليها. القيمة هي الثمن الحقيقي للشيء المثمن الشيء الذي يباع بالثمن التأجيل: تعليق الدين وتأخيره إلى وقت معين. التقسيط تأجيل أداء الدين مفرقا إلى أوقات متعددة معينة. البائع: هو من يبيع المشتري هو من يشترى المتبايعان هما البائع والمشتري ويسميان عاقدين أيضا.[1]

ادھار خرید فروخت کی حکمت:

کبھی کبھار ایسا ہوتا ہے کہ انسان کو کسی چیز کی فورا ضرورت ہوتی ہے مگر کئی وجوہات کی بناء پر وہ اس کی نقد ادائیگی پر قدرت نہیں رکھتا،ایسی صورت میں اگر اس کو بیع کی اجازت نہ دی جائے تو حرج اور تنگی لازم آئے گی، جبکہ شریعت کا کسی کو تنگی میں ڈالنا مقصود نہیں۔قیاس کا بھی یہی تقاضا ہے کہ مبیع اور ثمن دونوں ایک ساتھ ہوں جس طرح کہ ملکیت ایک ساتھ لازم آتی ہے، مگر اسی مصلحت کی خاطر کہ مدت کے اندر اندر مشتری ثمن کی ادائیگی پر قادر ہوجائے گا،ادھار پر خرید فروخت کو جائز کیا گیا ہے، چنانچہ ملک العلماء علامہ کاسانیؒ فرماتے ہیں:

"ومنها" شرط الأجل في المبيع العين والثمن العين وهو أن يضرب لتسليمها أجل ؛ لأن القياس يأبى جواز التأجيل أصلا ؛ لأنه تغيير مقتضى العقد ؛ لأنه عقد معاوضة تمليك بتمليك وتسليم بتسليم والتأجيل ينفي

(1) مجلۃ الاحکام العدلیہ

وجوب التسليم للحال فكان مغيرا مقتضى العقد إلا أنه شرط نظر لصاحب الأجل لضرورة العدم ترفيها له وتمكينا من اكتساب الثمن في المدة المضروبة ولا ضرورة في الأعيان فبقي التأجيل فيها تغييرا محضا لمقتضى العقد فيوجب فساد العقد۔[1]

بخاری شریف کی حدیث سے بھی بیع مؤجل کا جواز ہوتا ہے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہیں:

"عن عائشة رضي الله عنها أن النبي صلى الله عليه وسلم اشترى طعاما من يهودي إلى أجل ورهنه درعا من حديد."

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہودی سے خوراک ادھار خریدا اور لوہے کی زرہ بطور رہن رکھی۔

ادھار خرید فروخت (Credit Sale) کی شرائط:

بہر حال ادھار پر خرید فروخت کے لیے چند شرائط ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

1) ادائیگی کی مدت (Payment Date) معلوم ہو:

بائع اور مشتری اگر ادھار پر خرید فروخت کرنا چاہیں تو سب سے پہلے ضروری ہے کہ دونوں کا ایک مقررہ تاریخ پر اتفاق ہو جائے، اگر اس طرح نہ ہو گا تو دونوں کے درمیان اختلاف آئے گا جو کہ بات باہمی جھگڑے تک جاسکتی ہے، لہٰذا سب سے پہلے تاریخ مقرر کرنا ضروری ہے۔ اگر دونوں نے ادھار پر اتفاق کر لیا مگر تاریخ مقرر نہ کی تو اس کو مہینہ کی طرف لوٹایا جائے گا، یعنی ایک مہینے تک اس کی ادائیگی کرنا ضروری ہو گی اور اگر بائع اور مشتری کے درمیان مدت مقرر کرنے میں اختلاف ہو جائے، مثلاً بائع کہتا ہے کہ رقم کی ادائیگی فی الفور تھی اور مشتری کہتا ہے کہ خاص مدت تک ادائیگی کرنی ہے تو اس صورت میں بائع کا قول معتبر ہو گا اور رقم کی ادائیگی فی الفور ہو گی۔ اگر اختلاف مدت کی مقدار میں ہو مثلاً بائع کہتا ہے کہ ایک ماہ کے اندر اندر ادائیگی کرنی ہو گی اور مشتری کہتا ہے کہ مدت دو ماہ تھی تو اس صورت میں جس نے کم مدت بیان کی ہو تو اس کے قول کو اعتبار ہو گا، لہٰذا مذکورہ مثال میں بائع کا قول معتبر ہو گا۔ واضح رہے کہ مذکورہ دونوں صورتیں تب ہیں جب کسی کے پاس بھی گواہ (Evidence) نہ ہوں، اگر دونوں کے پاس اپنے دعوی پر گواہ موجود ہوں تو اس صورت میں مشتری کے گواہ کو ترجیح حاصل ہو گی اور اس کا قول معتبر ہو گا۔ اگر اختلاف مدت کے گزرنے میں ہو مثلاً بائع کہتا ہو کہ مدت گزر گئی ہے اور مشتری کہتا ہو کہ ابھی وقت باقی ہے، تو اس صورت میں چاہے مشتری کے ساتھ گواہ ہوں یا نہ ہوں تو مشتری کے گواہ اور قول کو ترجیح حاصل ہو گی۔ اگر بائع اور مشتری میں کوئی فوت ہو جائے، تو اگر بائع فوت ہوا ہو تو مدت تک کی ادائیگی متاثر نہ ہو گی اور اپنے وقت پر

(1) بدائع الصنائع ج4 ص 384

ادائیگی کرنی ہوگی لیکن اگر مشتری فوت ہوا ہو تو مدت تک کی ادائیگی متاثر ہوگی اور مدت ختم ہو جائے گی اور فی الفور ادائیگی کرنی ہوگی، لہٰذا میت کے ترکہ (Legacy) سے ورثاء کو ادائیگی کرنی ہوگی اور اگر اس کے باوجود بائع ورثاء کو بھی مدت دے دیں تو یہ اس کی طرف سے احسان ہوگا۔

"(وصح بثمن حال) وهو الأصل (ومؤجل إلى معلوم) لئلا يفضي إلى النزاع ولو باع مؤجلا صرف لشهر به يفتى ولو اختلفا في الأجل فالقول لنافيه إلا في السلم به يفتى ولو في قدره فللمدعي الأقل والبينة فيهما للمشتري ولو في مضيه فالقول والبينة للمشتري ويبطل الأجل بموت المديون لا الدائن. (قوله: وهو الأصل) ؛ لأن الحلول مقتضى العقد وموجبه والأجل لا يثبت إلا بالشرط بحر عن السراج. (قوله: ولو باع مؤجلا) أي بلا بيان مدة بأن قال: بعتك بدرهم مؤجل. (قوله: صرف لشهر) كأنه؛ لأنه المعهود في الشرع في السلم واليمين في ليقضين دينه آجلا بحر. (قوله: فلمدعي الأقل) لإنكاره الزيادة ح. (قوله: والبينة فيهما) أي في المسألتين للمشتري؛ لأنه يثبت خلاف الظاهر والبينات للإثبات ح. (قوله: فالقول والبينة للمشتري) ؛ لأنهما لما اتفقا على الأجل فالأصل بقاؤه فكان القول للمشتري في عدم مضيه ولأنه منكر توجه المطالبة وهذا ظاهر وأما تقديم بينته على بينة البائع فعلله في البحر عن الجوهرة بأن البينة مقدمة على الدعوى اهـ. (قوله: ويبطل الأجل بموت المديون) ؛ لأن فائدة التأجيل أن يتجر فيؤدي الثمن من نماء المال فإذا مات من له الأجل تعين المتروك لقضاء الدين، فلا يفيد التأجيل بحر عن شرح المجمع، وصرح قبله بأنه لو مات البائع لا يبطل الأجل۔[1]

پس اگر مدت مجہول ہو تو بیع فاسد(Invalid Sale) ہوگی چاہے جہالت بڑی ہو جہالت بڑی ہونے کی مثال یہ ہے کہ اگر ہوا چلی تو رقم ادا کروں گا، یا بارش ہوئی یا زید جب آئے گا، یا جب زید مرے گا تو اس وقت ادائیگی کروں گا، ان تمام صورتوں میں بیع فاسد ہوگی، جہالت چھوٹی ہونے کی مثال یہ ہے کہ فصل کی کٹائی کے وقت ادائیگی ہوگی، یا عیسائیوں کے روزے کے وقت، یا نوروز کے دن ادائیگی ہوگی، ان تمام صورتوں میں بھی بیع فاسد ہوگی، کیونکہ پہلی صورت میں اس چیز کے ہونے اور نہ ہونے میں دھوکہ ہے جبکہ دوسری صورت آگے پیچھے ہوتی رہتی ہے جو بات باہمی جھگڑے تک جاسکتی ہے لہٰذا ان صورتوں میں بیع فاسد ہوگی۔

(منها) أن يكون الأجل معلوما في بيع فيه أجل فإن كان مجهولا يفسد البيع سواء كانت الجهالة متفاحشة : كهبوب الريح ، ومطر السماء ، وقدوم فلان ، وموته ، والميسرة ، ونحو ذلك ، أو متقاربة : كالحصاد ، والدياس ، والنيروز ، والمهرجان ، وقدوم الحاج ، وخروجهم ، والجذاذ ، والجزار ، والقطاف ،

(1) الدر المختار مع رد المحتار ج 7 ص 49

والميلاد، وصوم النصارى، وفطرهم قبل دخولهم في صومهم، ونحو ذلك؛ لأن الأول فيه غرر الوجود، والعدم، والنوع الثاني مما يتقدم، ويتأخر فيؤدي إلى المنازعة فيوجب فساد البيع،[1]

اگر مدت ایسی مقرر کی کہ جس میں جہالت ہو مگر جہالت چھوٹی ہو اور پھر مدت گزرنے سے پہلے پہلے مشتری نے فساد کی وجہ سے مدت کو ساقط کردیا تو بیع صحیح ہوجائے گی لیکن اگر مدت کو ساقط نہ کیا یہاں تک کہ وہ مدت آگئی اور پھر مدت کو ساقط کر دیا تو اس صورت میں بیع صحیح نہ ہوگی۔ اگر جہالت بڑی ہو پھر مشتری نے جدا ہونے سے پہلے مدت کو ختم کر دیا اور رقم ادا کر دی تو بیع صحیح ہو جائے گی اور اگر جدا ہونے سے پہلے مدت کو ساقط نہ کیا یہاں تک کہ جدا ہوگئے تو بیع صحیح نہ ہوگی۔

ولو باع العين بثمن دين إلى أجل مجهول جهالة متقاربة، ثم أبطل المشتري الأجل قبل محله، وقبل أن يفسخ العقد بينهما لأجل الفساد جاز العقد عند أصحابنا الثلاثة .وعند زفر لا يجوز، ولو لم يبطل حتى حل الأجل، وأخذ الناس في الحصاد، ثم أبطل لا يجوز العقد بالإجماع، وإن كانت الجهالة متفاحشة فأبطل المشتري الأجل قبل الافتراق، ونقد الثمن جاز البيع عندنا ، وعند زفر لا يجوز، ولو افترقا قبل الإبطال لا يجوز بالإجماع۔[1]

اسی طرح اگر بائع نے خیار شرط (Option Condition) کے ساتھ کسی چیز کو بیچا مگر خیار کے لیے وقت معلوم نہ کیا، مثلا یوں کہا کہ مجھے ہمیشہ خیار حاصل ہوگا یا دن یاد کیے مگر وقت کو ذکر نہ کیا تو اس صورت میں بھی بیع فاسد ہوگی۔ پھر اگر خیار والے (Option Holder) نے تین دن کے اندر اندر بیع ختم کرنے سے پہلے خیار کو ختم کر دیا تو بیع صحیح ہوجائے گی جبکہ اگر تین دن کے بعد خیار کو ختم کر دیا تو امام ابو حنیفہؒ اور امام زفرؒ کے نزدیک بیع صحیح نہ ہوگی اور امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک جائز ہوگی۔ اگر وقت مقرر کیا مثلا چار دن تک خیار لیا یا ایک ماہ تک خیار مقرر کیا پھر تین دن کے اندر اندر اور بیع فسخ کرنے سے پہلے خیار کو ختم کر دیا تو بیع صحیح ہوگی اور اگر تین دن گزر گئے پھر خیار والے (Option Holder) نے خیار کو ختم کر دیا تو بیع صحیح نہ ہوگی۔

وعلى هذا إذا باع بشرط الخيار، ولم يوقت للخيار وقتا معلوما بأن قال: أبدا أو أياما، أو لم يذكر الوقت حتى فسد البيع بالإجماع، ثم إن صاحب الخيار أبطل خياره قبل مضي ثلاثة أيام قبل أن يفسد العقد بينهما جاز البيع عندنا خلافا لزفر رحمه الله، وإن أبطل بعد مضي الأيام الثلاثة لا يجوز العقد عند أبي حنيفة رحمه الله،وزفر، وعند أبي يوسف، ومحمد يجوز، وإن وقت وقتا معلوما بأن قال: أربعة أيام، أو شهر فأبطل الخيار قبل مضي ثلاثة أيام، وقبل أن يفسخ العقد بينهما لأجل الفساد جاز عندنا . وعند زفر لا يجوز،

(1) بدائع الصنائع ج 4 ص 391 ط حقانیہ

وعندهما هذا الخيار جائز ، ولو مضت الأيام الثلاثة ، ثم أبطل صاحب الخيار خياره لا يجوز البيع بالإجماع [8]

اگر کسی نے کوئی چیز ادھار پر خریدی اور کہا کہ ادائیگی دوسرے شہر میں کروں گا لیکن ادھار کی مدت مقرر نہ کی تو بیع فاسد ہو گی، چاہے رقم اٹھانے میں مشقت ہو یا نہ ہو۔ اگر ادھار کی مدت مقرر کی تھی اور دوسرے شہر میں ادا کرنے کا کہا تو مدت اگر اتنی مقرر کی تھی کہ اس مدت کے اندر اندر اس جگہ کو پہنچنا ممکن نہ ہو تو اس صورت میں بیع فاسد ہو گی، کیونکہ جب اس جگہ تک رسائی ممکن نہ ہو تو گویا ایسا ہوا کہ مدت سرے سے مقرر ہی نہ تھی۔ اور اگر ایسی مدت مقرر کی تھی کہ اس مدت کے اندر اندر اس جگہ تک رسائی ممکن ہو تو بیع صحیح ہو گی اور مدت مقرر کرنا بھی صحیح ہو گا۔ پس اگر مدت ختم ہو گئی اور بائع نے شرط کی گئی جگہ کے علاوہ دوسری جگہ رقم کی سپردگی کا مطالبہ کیا تو ایسی صورت میں رقم اٹھانے میں مشقت نہ ہو تو مشتری کو مجبور کیا جائے گا کہ وہ رقم کی ادائیگی اس شہر میں کرے جس شہر میں بائع نے مطالبہ کیا ہے اور اگر ثمن (Price) اٹھانے میں مشقت ہو تو مشتری کو مجبور نہیں کیا جائے گا، بلکہ شرط کی گئی جگہ میں ادائیگی کرنی ہو گی۔ اسی طرح اگر مشتری نے شرط کی گئی جگہ کے علاوہ دوسری جگہ پر حوالہ کیا اور بائع نے شرط کی گئی جگہ پر حوالگی کا مطالبہ کیا تو اس میں وہی اوپر والی تفصیل ہے اور اگر ثمن دین نہ ہو بلکہ عین ہو اور دوسرے شہر میں ادائیگی کا مطالبہ کیا تو بیع فاسد ہے چاہے مدت مقرر کی ہو یا نہ ہو۔

ولو اشترى عينا بثمن دين على أن يسلم إليه الثمن في مصر آخر فهذا لا يخلو إما أن يكون الثمن مما حمل له ، ولا مؤنة ، وإما أن يكون مما له حمل ، ومؤنة ، وعلى كل ذلك لا يخلو من أن ضرب له الأجل أو لم يضرب فإن لم يضرب له الأجل فالبيع فاسد سواء كان الثمن له حمل ، ومؤنة أو لم يكن ؛ لأنه إذا لم يضرب له الأجل كان شرط التسليم في موضع على سبيل التأجيل ، وأنه أجل مجهول فيوجب فساد العقد. وإن ضرب له أجلا على أن يسلم إليه الثمن بعد محل الأجل في مصر آخر فإن كان الأجل مقدار ما لا يمكن الوصول إلى الموضع المشروط في قدر تلك المدة فالبيع فاسد أيضا ؛ لأنه إذا كان لا يمكن الوصول فيه إلى الموضع المشروط صار كأن لم يضرب ، وإن كان ضرب أجلا يمكن الوصول فيه إلى المكان المشروط فالبيع صحيح ، والتأجيل صحيح ؛ لأنه إذا ضرب له أجلا يمكن الوصول فيه إلى ذلك المكان علم أن شرط التسليم في ذلك المكان لم يكن على سبيل التأجيل ، بل على تخصيص ذلك المكان بالتسليم فيه. فإذا حل الأجل وطالبه البائع بالثمن في غير المكان المشروط ينظر إن كان الثمن مما ليس له حمل ، ولا مؤنة يجبر المشتري على تسليمه في أي موضع طالبه البائع بعد حل الأجل ، وإن كان الثمن له حمل ، ومؤنة لا يجبر على تسليمه إلا في الموضع المشروط ، وكذلك لو أراد المشتري أن يسلمه في غير المكان المشروط ، وأبى البائع ذلك إلا في الموضع المشروط

فهو على هذا التفصيل ، ولو كان الثمن عينا فشرط تسليمه في مصر آخر فالبيع فاسد سواء شرط الأجل ، أو لم يشرط ؛ لأن فيه غررا [1]

اگر کسی چیز کو بیع حالی کے ساتھ بیچ دی پھر اس کو نزدیک مدت تک مؤخر کیا، تو یہ تاخیر جائز ہے اور اگر فحش مدت تک مؤخر کیا تو یہ جائز نہیں اور دین اپنی حالت پر برقرار رہے گا دونوں صورتوں میں چاہے جہالت فاحشہ ہو یا قریبی ہو۔

ولو باع بثمن حال ، ثم أخر إلى الآجال المتقاربة جاز التأخير ، ولو أخر إلى الآجال المتفاحشة لم يجز ، والدين على حاله حال فرق بين التأجيل ، والتأخير ،[2]

اسی طرح علامہ حصکفی نے بھی ذکر کی ہے، چنانچہ فرماتے ہیں:

"[فروع] باع بحال ثم أجله أجلا معلوما أو مجهولا كنيروز وحصاد صار مؤجلا منية. [تنبيه] علم مما مر أن الآجال على ضربين: معلومة، ومجهولة، والمجهولة على ضربين: متقاربة كالحصاد ومتفاوتة: كهبوب الريح، فالثمن العين يفسد بالتأجيل، ولو معلوما، والدين لا يجوز لمجهول، لكن لو جهالته متقاربة وأبطله المشتري قبل محله وقبل فسخه للفساد انقلب جائزا لا لو بعد مضيه أما لو متفاوتة وأبطله المشتري قبل التفرق انقلب جائزا كما في البحر عن السراج، هذا وذكر الشارح في البيع الفاسد عن العيني ما يوهم أن الأخير لا ينقلب جائزا وليس كذلك فافهم. ونقل الشارح هناك تبعا للمصنف عن ابن كمال وابن ملك أن إبطاله قبل التفرق شرط في المجهول جهالة متقاربة كالحصاد وهو خطأ."[3]

بائع اور مشتری نے ادھار پر معاملہ کیا اور ثمن ادا کرنے کی مدت مقرر کی مگر جب ادائیگی کی مدت آئی تو ثمن کی قیمت میں زیادتی یا کمی آئی تو کیا قیمت کی کمی اور زیادتی کو اعتبار حاصل ہے یا نہیں؟ یعنی اس صورت میں مشتری کون سی قیمت ادا کرے گا، خرید و فروخت والے دن کی قیمت کے اعتبار سے یا ادا کرنے والے دن کے اعتبار سے؟ مثلاً خرید و فروخت کے دن ایک ڈالر 100 روپے کا تھا جبکہ ادائیگی کے دن ایک ڈالر 140 روپے کا، تو اس صورت میں مفتی بہ قول کے مطابق قیمت کی کمی اور زیادتی کو کوئی اعتبار حاصل نہیں، بلکہ خرید و فروخت کے دن جتنی رقم مقرر ہوئی تھی اتنی ہی رقم ادا کرے گا چاہے ثمن میں زیادتی آئے یا کمی۔

" أما إذا غلت قيمتها أو انتقضت فالبيع على حاله ولا يتخير المشتري، ويطالب بالنقد بذلك العيار الذي كان وقت البيع كذا في فتح القدير. وفي البزازية عن المنتقى غلت الفلوس أو رخصت فعند الإمام الأول والثاني، أولا ليس عليه غيرها، وقال: الثاني ثانيا عليه قيمتها من الدراهم يوم البيع

(1) بدائع الصنائع ج 4 ص 394 ط حقانیہ

(2) بدائع الصنائع ج 4 ص 393 ط حقان

والقبض وعليه الفتوى، وهكذا في الذخيرة والخلاصة عن المنتقى، ونقله في البحر وأقره، فحيث صرح بأن الفتوى عليه في كثير من المعتبرات، فيجب أن يعول عليه إفتاء وقضاء، ولم أر من جعل الفتوى على قول الإمام هذا خلاصة ما ذكره المصنف - رحمه الله تعالى - في رسالته: بذل المجهود في مسألة تغير النقود وفي الذخيرة عن المنتقى إذا غلت الفلوس قبل القبض أو رخصت. قال: أبو يوسف، قولي وقول أبي حنيفة في ذلك سواء وليس له غيرها، ثم رجع أبو يوسف وقال: عليه قيمتها من الدراهم، يوم وقع البيع ويوم وقع القبض. اهـ. وقوله: يوم وقع البيع أي في صورة البيع، وقوله: ويوم وقع القبض أي في صورة القرض كما نبه عليه في النهر في باب الصرف."[1(1)]

اگر بائع اور مشتری نے ادھار خرید وفروخت پر معاملہ کیا اور مشتری نے ثمن کی ادائیگی نہ کی یہاں تک کہ بازار میں کساد بازاری آگئی اور لوگوں نے اس کے ساتھ معاملہ کرنا چھوڑ دیا تو اس صورت میں اگر مبیع (Outsold) مشتری کے ساتھ صحیح سلامت موجود تھا تو مشتری اس چیز کو بائع کے حوالہ کرے گا، اگر وہ چیز مشتری کے ہاتھ سے ہلاک ہو جائے تو وہ چیز اگر مثلی ہو تو اس کے مثل کو بائع کے حوالہ کرے گا اور اگر وہ چیز قیمی ہو تو اس کی قیمت ادا کرے گا۔ اگر بائع نے وہ چیز مشتری کو حوالہ نہ کی تھی تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک یہ بیع سرے سے جائز ہی نہ ہوئی جبکہ امام ابویوسفؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک بیع جائز ہے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ اس کے بعد اس ثمن کے ساتھ معاملہ کرنا جائز ہو جائے اور لوگ اس کے ساتھ معاملہ کرنا شروع کر دیں، بہر حال اس صورت میں امام ابو یوسفؒ کے نزدیک بیع کے دن والی قیمت معتبر ہو گی، جبکہ امام محمدؒ کے نزدیک جس دن لوگوں نے اس کے ساتھ معاملہ کرنا چھوڑ دیا، اس دن کی قیمت معتبر ہو گی۔

"أعلم أنه إذا اشترى بالدراهم التي غلب غشها أو بالفلوس ولم يسلمها للبائع ثم كسدت بطل البيع والانقطاع عن أيدي الناس كالكساد ويجب على المشتري رد المبيع لو قائما ومثله أو قيمته لو هالكا، إن لم يكن مقبوضا فلا حكم لهذا البيع أصلا وهذا عنده وعندهما لا يبطل البيع؛ لأن المتعذر التسليم بعد الكساد، وذلك لا يوجب الفساد لاحتمال الزوال بالرواج لكن عند أبي يوسف تجب قيمته يوم البيع، وعند محمد يوم الكساد وهو آخر ما تعامل الناس بها وفي الذخيرة الفتوى على قول أبي يوسف، وفي المحيط والتتمة والحقائق وبقول محمد يفتى رفقا بالناس اهـ. والكساد: أن تترك المعاملة بها في جميع البلاد، فلو في بعضها لا يبطل لكنه تتعيب إذا لم ترج في بلدهم، فيتخير البائع إن شاء أخذه وإن شاء أخذ قيمته. وحد الانقطاع أن لا يوجد في السوق وإن وجد في يد الصيارفة والبيوت هكذا في الهداية والانقطاع كالكساد كما في كثير من الكتب لكن قال: في المضمرات فإن

[1] (1) شامیہ ج 7 ص 53 ط حقانیہ

انقطع ذلك فعليه من الذهب والفضة قيمته في آخر يوم انقطع هو المختار اهـ."(1)[1]

مدت اجل(Credit Period) کی ابتداء:

بائع اور مشتری نے ادھار خرید فروخت پر معاملہ کیا، ثمن کی ادائیگی کے لیے ایک مدت مقرر کی، اب اس ادائیگی کی مدت کس وقت سے شروع ہوگی؟ تو اس میں تفصیل ہے کہ اگر ادائیگی کا وقت مقرر ہو مثلا جب یکم مارچ آئے گا تب ادائیگی کروں گا تو مدت کی ابتداء بیع کا معاملہ ہونے کے وقت سے ہوگی چاہے، بائع مبیع حوالہ کرنے سے روکتا ہو یا نہ روکتا ہو اور اگر وقت تو ذکر کیا ہو مگر وہ وقت معروف ومشہور نہ ہو، جیسے کہ ایک ماہ یا ایک سال ذکر کیا ہو مگر معین نہ کیا ہو تو اس صورت میں اگر بائع مبیع حوالہ کرنے سے روکتا نہ ہو تو مدت کی ابتداء بیع کا معاملہ ہونے کے وقت سے شروع ہوگا اور اگر بائع مبیع حوالہ کرنے سے روکتا ہو تو مدت کی ابتداء تب سے شروع ہوگی جب بائع مبیع کو حوالہ کردے۔ اگر اس میں خیار شرط ہو تو خیار شرط کے ختم ہونے کے بعد مدت کی ابتداء ہوگی۔ لہٰذا اگر مشتری کو غیر معین تاریخ تک ادھار پر معاملہ ہوا تھا اور بائع نے مبیع حوالہ کرنے سے روکا بھی ہو تو مشتری کو اتنی مقدار میں ایک اور مقرر تاریخ دی جائے گی تاکہ مشتری اس مدت کے اندر رقم کی ادائیگی پر قادر ہوجائے کیونکہ اس دوران بائع کی طرف سے کوتاہی آئی ہے تاکہ اس کا ازالہ کیا جاسکے اور اگر تاریخ معین ہو یا بائع مبیع حوالہ کرنے سے روکتا نہ ہو تو اس صورت میں مشتری کو دوسری تاریخ نہیں دی جائے گی کیونکہ اس دوران کوتاہی خود مشتری کی طرف سے آئی ہے۔

"(و) الأجل (ابتداؤه من وقت التسليم) ولو فيه خيار فمذ سقوط الخيار عنده خانية (وللمشتري) بثمن مؤجل إلى سنة منكرة (أجل سنة ثانية) مذ تسلم (لمنع البائع السلعة) عن المشتري (سنة الأجل) المنكرة تحصيلا لفائدة التأجيل فلو معينة أو لم يمنع البائع من التسليم لا اتفاقا لأن التقصير منه."(1)[2]

اور جیسے کہ شرح مجلۃ الاحکام علی حیدر میں ہے:

" تعتبر ابتداء مدة الأجل والقسط المذكورين في عقد البيع من وقت تسليم المبيع مثلا لو بيع متاع على أن ثمنه مؤجل إلى سنة فحبسه البائع عنده سنة ثم سلمه للمشتري اعتبر أول السنة التي هي الأجل من يوم التسليم فليس للبائع حينئذ أن يطالبه بالثمن إلى مضي سنة من وقت التسليم وسنتين من حين العقد .هذا يكون : أولا : إذا لم يخصص الأجل بوقت مخصوص .ثانيا : إذا كان عدم تسليم المبيع ناشئا عن حبس البائع للمبيع ومنعه .ثالثا : إذا كان البيع لازما أي ليس فيها خيار الشرط فإذا وجدت هذه الشروط الثلاثة

[1] (1) شامیہ ج 7 ص 52 ط حقانیہ

[2] (1) شامیہ ج 7 ص 56 ط حقانیہ (2) شرح مجلہ لعلی حیدر ج 2 ط حقانیہ

ابتداء مدة الأجل منذ تسليم المبيع لأن فائدة التأجيل تسهيل التصرف في المبيع للمشتري ليؤدي الثمن من ربحه فللحصول على هذه الفائدة يجب اعتبار مدة الأجل منذ تسليم المبيع ."[(2)]

بہرحال مدت تک ادائیگی مشتری کا حق ہے اس سے پہلے بائع مشتری سے ثمن کی ادائیگی کا مطالبہ نہیں کر سکتا اور نہ ہی ثمن کے حصول کے لیے مبیع کو روک سکتا ہے، جس طرح کہ بیع حالی میں بائع یہ حق رکھتا ہے کہ وہ ثمن کے حصول کے لیے مبیع کو اپنے ساتھ روک دے۔ البتہ مشتری اس طرح کر سکتا ہے کہ پہلے وہ مبیع پر قبضہ کرلے اور اس کے بعد مبیع کو مشتری کے ساتھ بطور رہن رکھ دے۔ اسی طرح اگر ثمن کی ادائیگی ایک خاص مدت تک ہو اور اس دوران وہ مدت گزر جائے اور مشتری نے مبیع پر قبضہ بھی نہ کیا ہو تو مشتری کے لیے جائز ہے کہ وہ سب سے پہلے مبیع کو قبضہ کرلے اور اس کے بعد ثمن کی ادائیگی کرے اور یہاں پر بھی بائع کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ مبیع کو روک لے، کیونکہ اس نے اپنے حق کو خود چھوڑ دیا لہٰذا یہ پھر واپس نہیں آتی۔

جیسا کہ علامہ کاسانیؒ فرماتے ہیں:

" ومنها أن للبائع حق حبس المبيع حتى يقبض الثمن إذا كان الثمن حالا، وليس للمشتري أن يمتنع من تسليم الثمن إلى البائع حتى يقبض المبيع إذا كان المبيع حاضرا لأن البيع عقد معاوضة،"[1(1)]

اور جیسا کہ علامہ شامیؒ فرماتے ہیں:

"(قوله: إن أحضر البائع السلعة) شرط لإلزام المشتري بتسليم الثمن أولا والشرط أيضا كون الثمن حالا، وأن لا يكون في البيع خيار للمشتري، فلا يطالب بالثمن قبل حلول الأجل ولا قبل سقوط الخيار. وأفاد أن للبائع حبس المبيع حتى يستوفي كل الثمن۔"[(2)]

اور جیسا کہ مجلۃ الاحکام العدلیہ میں ہے:

" في البيع بالثمن الحال أعني غير المؤجل للبائع أن يحبس المبيع إلى أن يؤدي المشتري جميع الثمن.۔۔۔ في بيع النسيئة ليس للبائع حق حبس المبيع بل عليه أن يسلم المبيع إلى المشتري على أن يقبض الثمن وقت حلول الأجل."[(3)]

2) مبیع (Outsold) کی شرائط:

ادھار پر جو چیز بیچی جائے اس کے لیے بھی چند مخصوص شرائط ہیں جن کی تفصیل کچھ یوں ہے کہ مبیع ایسی چیز نہ ہو جس میں قدر مع الجنس ہو، اگر ہوگی تو ادھار پر اس چیز کی فروخت جائز نہ ہوگی۔

قدر سے مراد کیلی اور وزنی ہونا ہے، یعنی وہ چیز مخصوص پیمانے پر ناپی اور وزن کر کے نہ بیچی جاتی ہو، اور خلاف جنس بھی ہو لہٰذا جن میں قدر مع الجنس نہ ہوگی تو اس کی بیع ادھار پر جائز ہوگی۔ مثلاً کپڑے کو

---

[1] (1) بدائع الصنائع ج 4 ص 434 ط حقانیہ (2) شامیہ ج 7 ص 94 ط حقانیہ (3) مجلہ الاحکام ص 54 ط قدیمی

ادھار فروخت کیا دراہم یا دنانیر کے عوض تو اس کی بیع جائز ہو گی، کیونکہ دونوں خلاف جنس بھی ہیں اور دونوں کیلی ہیں اور نہ ہی وزنی۔ اگر کپڑے کو کپڑے کے عوض ادھار پر فروخت کیا تو جائز نہ ہو گا، کیونکہ دونوں ہم جنس ہیں اسی طرح اگر گندم کو گندم کے عوض فروخت کیا تو ناجائز ہو گا کیونکہ دونوں ہم جنس بھی ہیں اور وزنی بھی ہیں، اسی طرح اگر گندم کو جو کے عوض ادھار پر فروخت کیا پھر بھی اس کی بیع جائز نہ ہو گی اگرچہ دونوں ہم جنس نہیں مگر ایک کیلی اور دوسرا وزنی ہے یعنی دونوں قدر میں شریک ہیں، لہٰذا ان کی بیع جائز نہ ہو گی۔ خلاصہ یہ کہ ادھار پر خرید فروخت کے جواز کے لیے تینوں چیزوں کی نفی ضروری ہیں، یعنی ہم جنس بھی نہ ہو اور اسی طرح کیلی ہو اور نہ ہی وزنی۔ اور کسی ایک کی موجودگی سے ادھار خرید فروخت جائز نہ ہو گی۔ اسی طرح یہ بھی ضروری ہے کہ جو مبیع کیلی یا وزنی ہو وہ ہلاک نہ ہوا ہو، جیسا کہ زید کا اسد پر گندم قرض ہے، جو کہ معاملہ سلم کی صورت میں نہیں ہے۔ اب زید نے اس گندم کو اسد پر ایک ماہ کے مدت تک ادھار پر فروخت کر دیا تو یہ بیع جائز نہ ہو گی کیونکہ اس صورت میں بیع الکالی بالکالی لازم آتی ہے جو کہ ناجائز ہے، البتہ اگر مجلس کے اندر اندر مشتری نے ثمن کو ادا کر لیا تو یہ بیع جائز ہو جائے گی۔

" (بخلاف جنسه ولم يجمعهما قدر) لما فيه من ربا النساء .... (قوله: وبخلاف جنسه) عطف على قوله بثمن دين، وفي بعض النسخ " أو " بدل الواو، والأولى أولى؛ لأن الشرط كل منهما لا أحدهما كما أفاده ط وقوله " ولم يجمعهما قدر " جملة حالية والقدر كيل أو وزن، وذلك كبيع ثوب بدراهم واحترز عما لو كان بجنسه وجمعهما قدر ككر بر بمثله أو كان بجنسه، ولم يجمعهما قدر كثوب هروي بمثله، أو كان بخلاف جنسه وجمعهما قدر ككر بر بكر شعير فإنه لا يصح التأجيل لما فيها من ربا النساء، فقول الشارح: لما فيه من ربا النساء بالفتح أي التأخير تعليل لمفهوم المتن، وهو عدم صحة التأجيل في الصور الثلاثة أفاده ح. قلت: بقي شرط آخر وهو أن لا يكون المبيع الكيلي أو الوزني هالكا، فقد ذكر الخير الرملي أول البيوع عن جواهر الفتاوى: له على آخر حنطة غير السلم فباعها منه بثمن معلوم إلى شهر لا يجوز؛ لأنه بيع الكالئ بالكالئ وقد نهينا عنه، وإن باعها ممن عليه ونقد المشتري الثمن في المجلس جاز فيكون دينا بعين. اهـ."[1](1)

مسئلہ ضع و تعجل:

بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ بیع مؤجل میں بائع مشتری سے کہتا ہے کہ میرے آپ کے ذمے جو ہزار روپے مبیع کی وجہ سے قرض ہیں اور آپ اس کی ادائیگی ایک ماہ بعد کریں گے، اس میں سو روپے میں آپ کو

[1](1) الدر المختار مع الشامیہ ج 7 ص 55 ط حقانیہ

معاف کرتا ہو اور باقی نو سو مجھے فی الحال ادا کردو، تو اس طرح کا معاملہ کرنا جائز نہیں ہے جب مشروط ہو، البتہ اگر پہلے سے مشروط نہ ہو تب یہ کمی جائز ہے۔ اور یہ کمی بائع کی طرف سے تبرع واحسان سمجھا جائے گا۔

"ومما يتعامل به بعض التجار في الدين المؤجلة أنهم يسقطون حصة من الدين بشرط أن يعجل المدين الباقي، مثل أن يكون لزيد على عمرو ألف، فيقول زيد: عجل لي تسعمائة، وأنا أضع عنك مائة، وإن هذه المعاملة معروفة في الفقه الإسلامي باسم " ضع وتعجل ---.ولكن الذي يبدو أن حكم المنع هذا يختص بالديون المؤجلة. أما في الديون الحالة التي لا يكون الأجل فيها مشروطا في العقد، وإنما يتأخر المدين في الأداء لسبب أو لآخر، فالظاهر أنه لا بأس بالصلح على إسقاط بعض الدين بشرط أن يؤدي المدين الدين المتبقي معجلا--.وكذلك المنع من الوضع بالتعجيل في الديون المؤجلة إنما يكون إذا كان الوضع شرطا للتعجيل. أما إذا عجل المدين من غير شرط، جاز للدائن أن يضع عنه بعض دينه تبرعا. وعليه حمل الجصاص رحمه الله الآثار التي تدل على جواز "ضع وتعجل" قال رحمه الله تعالى: (ومن أجاز من السلف إذا قال: عجل لي وأضع عنك، فجائز أن يكون أجازوه إذا لم يجعله شرطا فيه، وذلك بأن يضع عنه بغير شرط، ويعجل الآخر الباقي بغير شرط)"[1(1)]

قسطوں پر خرید و فروخت:

جس طرح ادھار پر خرید و فروخت کرنا جائز ہے اسی طرح قسطوں پر بھی خرید و فروخت جائز ہے، یعنی مشتری بائع سے کہہ دے کہ ہر ماہ میں تمہیں اتنی رقم ادا کروں گا یا ہر ہفتے، تو اس میں بھی یہ ضروری ہے کہ ادائیگی کی مدت معلوم ہو اور اسی طرح رقم کی مقدار بھی معلوم ہو اور یہ خرید و فروخت کرنا شرعا بھی جائز ہے اور لوگوں کو اس کی ضرورت بھی ہے، لہٰذا مناسب معلوم ہوا کہ قسطوں پر خرید و فروخت کے احکام اور اس سے متعلقہ مسائل بھی بیان کیے جائیں ۔ یہ بات واضح ہے کہ نقد کے مقابلے میں ادھار اور قسطوں پر خرید و فروخت پر قیمت زیادہ ہوتی ہے اب ادھار اور قسطوں پر خرید و فروخت میں کتنی مقدار میں اضافہ اور نفع کمایا جاسکتا ہے؟ اس کی مقدار تو شریعت نے مقرر نہیں کی ہے مگر مروت اور اخلاق کا تقاضا یہ ہے کہ یہ اضافہ اور نفع بازار اور مارکیٹ ریٹ سے زیادہ نہ ہو۔

"البيع بالتقسيط بيع بثمن مؤجل يدفع إلى البائع في أقساط متفق عليها، فيدفع البائع البضاعة المبيعة إلى المشتري حالّة، ويدفع المشتري الثمن في أقساط مؤجلة، وإن اسم (البيع بالتقسيط) يشمل كل بيع بهذه الصفة سواء كان الثمن المتفق عليه مساويا لسعر السوق، أو أكثر منه، أو أقل، ولكن المعمول به في الغالب أن الثمن في (البيع بالتقسيط) يكون أكثر من سعر

[1] (1) بحوث فی قضایا فقھیہ معاصرۃ ج 1 ص 29 ط دار العلوم کراتشی

تلك البضاعة في السوق، ..... ومن هنا ينشأ السؤال: هل يجوز أن يكون الثمن المؤجل أكثر من الثمن الحال؟ وقد تكلم الفقهاء في هذه المسألة قديما وحديثا، فذهب بعض العلماء إلى عدم جوازه، لكون الزيادة عوضا من الأجل، وهو الربا، أو فيه مشابهة للربا..... أما الأئمة الأربعة وجمهور الفقهاء والمحدثون، فقد أجازوا البيع المؤجل بأكثر من سعر النقد، بشرط أن يبت العاقدان بأنه بيع مؤجل بأجل معلوم، وبثمن متفق عيه عند العقد، فأما إذا قال البائع: أبيعك نقدا بكذا ونسيئة بكذا، وافترقا على ذلك، دون أن يتفقا على تحديد واحد من السعرين، فإن مثل هذا البيع لا يجوز، ولكن إذا عين العاقدان أحد الشقين في مجلس العقد، فالبيع جائز."[1(1)]

وکما فی درر الحکام:

"التقسيط تأجيل أداء الدين مفرقا إلى أوقات متعددة معينة ..... يلزم أن تكون المدة معلومة في البيع بالتأجيل والتقسيط الأجل يتعين بكذا سنة أو شهرا أو يوما أو إلى الشهر الفلاني وما أشبه ذلك فإذا عقد البيع على أجل مجهول فسد البيع ؛ لأنه إذا كان الأجل مجهولا فالبائع يطلب الثمن بعد مدة وجيزة ويمتنع المشتري فيكون حصول النزاع من المتوقع بسبب جهالة الأجل۔"[2(2)]

اگر بائع نے مشتری کو کہا کہ اگر آپ نے قسطوں میں سے کسی قسط ادا کرنے میں کوتاہی کی تو بقیہ تمام اقساط آپ کو فی الفور ادا کرنے ہوگے ، اس طرح کی شرط لگانا صحیح ہے اور اس سے مشتری کو بقیہ اقساط فی الفور ادا کرنے ہوگے مثلا ایک چیز کو ہزار روپے کے عوض فروخت کی اور ہر ماہ سو روپے دینا طے ہوا اس میں مشتری نے پانچ اقساط ادا کر دیے مگر چھٹا قسط وقت پر ادا نہ کر سکا تو باقی پانچ اقساط مشتری کو فی الفور ادا کرنے ہوگے۔:

"عليه ألف ثمن جعله ربه نجوما إن أخل بنجم حل الباقي فالأمر كما شرط ملتقط، وهي كثيرة الوقوع."[(2)]

وکما فی درر الحکام:

"إذا اشترط الدائن في الدين المقسط بأنه إذا لم يدفع المدين الأقساط في أوقاتها المضروبة يصبح الدين معجلا فيجب مراعاة الشرط فإذا لم يدفع المدين بالشرط ولم يدفع القسط الأول مثلا عند حلول أجله يصبح الدين جميعه معجلا ."[(3)]

وکما فی قضایا فقهیه معاصرة:

[111](1) بحوث فی قضایا فقھیہ معاصرة ج 1 ص 12 ط دارالعلوم کراتشی

[2] (1) درر الحکام ج 1 ص 54 ط حقانیہ (2) الدر المختار ج 7 ص 52 ط حقانیہ (3) ددر الحکام ج 1 ص 34 ط حقانیہ

